فوری ریلیز کے لیے: 2023/22/3 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کا اعلان کر دیا جن میں 20$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی گئی اور 8,300 سے زیادہ جابز کو معاونت ملے گی***

***NYPA بورڈ آف ٹرسٹیز نے مغربی نیویارک کی توسیع کے لئے Amazon کو کم لاگت والے ہائیڈرو پاور کے لئے 550$ ملین دیے، جس سے نیاگرا شہر میں 1,000 ملازمتیں پیدا ہوئیں***

***بورڈ نے وسطی نیویارک میں Micron کو اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کی بھی منظوری دی، جس سے نیو یارک کی ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ اور سیمی کنڈکٹر کوریڈور کو تقویت ملی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے 22 فرموں کو اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کی منظوری دی ہے جو 20$ بلین سے زیادہ کی کیپیٹل سرمایہ کاری کو فروغ دیں گے اور 8,336 جابز کی معاونت کریں گے—جن میں سے 3,930 جابز بالکل نئی ہیں۔ منظور شدہ آئٹمز میں دنیا کے سب سے بڑے آن لائن ریٹیلر Amazon کو نیاگرا ہائیڈرو پاور کے لئے ایلوکیشن شامل ہے اور امریکہ میں قائم میموری اور اسٹوریج مینوفیکچرر اور دنیا میں سیمی کنڈکٹرز کے چوتھے سب سے بڑے پروڈیوسر Micron کو ReCharge NY پاور کے لئے ایلوکیشن شامل ہے۔ NYPA بورڈ نے پاور اتھارٹی کے صنعتی اقتصادی ترقی کے پروگرام کے تحت جنوبی ٹیئر میں چنانگو کاؤنٹی کے گرینے گاؤں کے لئے کم لاگت والا ایک ہائیڈرو پاور مختص کرنے کی بھی منظوری دی۔ پوری ریاست پر محیط ReCharge NY [پروگرام](#) کے ذریعے کم لاگت والی بجلی بقیہ درخواست دہندگان کے لئے مختص کی گئی۔آج کی ReCharge NY پاور ایلوکیشنز اور اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کی مکمل فہرست [یہاں](#) دستیاب ہے۔

"ریاست بھر میں Micron ،Amazon، اور دیگر کاروباری اداروں کو یہ انقلابی تبدیلیاں لانے والے اقتصادی ترقیاتی ایوارڈز ہزاروں ملازمتیں پیدا کریں گے اور معاشی سرگرمیوں میں اربوں پیدا کریں گے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک ملک میں سب سے زیادہ کاروبار دوست اور مزدور دوست ریاست کے طور پر اپنی وراثت کو مزید تقویت دینے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے، اور اسکے ساتھ ساتھ ہم اپنا ماحولیاتی ایجنڈے کے مشکل اہداف کے حصول کے لئے بھی کوشاں ہیں جو قومی اہمیت کا حامل ہے -- اور اس سے ایک سرسبز، زیادہ خوشحال Empire State کی تشکیل ہوگی۔"

آج کے اجلاس میں، NYPA بورڈ نے Amazon کے لئے تقریباً 10.7 میگاواٹ (MW) کم لاگت والے نیاگرا پاور پروجیکٹ ہائیڈرو پاور ایلوکیشن کی منظوری دی تاکہ فرم کی جانب سے نیاگرا شہر میں 550$ ملین کے ای-کامرس اسٹوریج اینڈ ڈسٹری بیوشن سینٹر کی تعمیر کی معاونت ہو جو آن لائن کسٹمر آرڈرز وصول، سٹور، پیکیج، اور ان کی تکمیل کرے گا۔ اس منصوبے کے نتیجے میں اس سہولت میں سینکڑوں نئی تعمیراتی ملازمتوں کے علاوہ 1,000 نئی، مستقل، کل وقتی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ کم لاگت والی نیاگرا پن بجلی، چوٹوقوا کاؤنٹی میں پاور اتھارٹی کے نیاگرا پاور پروجیکٹ کے 30 میل کے دائرے میں موجود کمپنیز یا کاروباری اداروں کے لیے دستیاب ہے۔ نیاگرا پن بجلی خطے میں دسیوں ہزار موجودہ ملازمتوں سے منسلک ہے۔

NYPA بورڈ نے اپنے ReCharge NY پروگرام کے تحت 150 میگاواٹ سے زیادہ کم لاگت بجلی بھی ایوارڈ کی، جس میں Micron کے لئے 140 میگاواٹ کم لاگت بجلی مختص کرنا بھی شامل ہے۔ مزید برآں، NYPA بورڈ نے 404 MW ہائی لوڈ فیکٹر پاور کی منظوری دی جسے NYPA توانائی کی مارکیٹ میں Micron کے لیے حاصل کرے گا۔

گورنر Hochul نے پہلے Micron کے اس فیصلے کا اعلان کیا جو اکتوبر 2022 میں اونونداگا کاؤنٹی میں ایک نیا میگا فیب تعمیر کرے گا۔ اگست 2022 میں، گورنر Hochul نے پورے ملک میں سب سے پہلے گرین CHIPS قانونی مسودے پر دستخط کیے تھے جس کا مقصد روزگار کے مواقع پیدا کرنا، معاشی نمو کو فروغ دینا، اور نیو یارک کو سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کا مرکز بناتے ہوئے اہم ماحولیاتی تحفظات کو برقرار رکھنا ہے۔

کم لاگت والی بجلی کے بقایا ایوارڈز کیپیٹل ڈسٹرکٹ، فنگر لیکس، سدرن ٹیئر، نارتھ کنٹری، نیو یارک سٹی، سینٹرل نیویارک، ویسٹرن نیویارک، ہڈسن ویلی اور لانگ آئی لینڈ کی کمپنیوں کو دیے جائیں گے۔

**نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے چیئرمین اور بفیلو کے رہائشی John R. Koelmel نے کہا،** "نیاگرا ہائیڈرو پاور کی وراثت مغربی نیویارک کی اقتصادی ترقی اور زندگی کے ساتھ ایک مضبوط اور گہرے رشتے میں جڑی ہوئی ہے۔ نیاگرا آبشار میں Amazon کی سرمایہ کاری اس وراثت کو آگے بڑھائے گی، جس سے 1,000 سے زائد ملازمتیں پیدا ہوں گی اور نصف بلین ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کے ذریعے یہاں کی علاقائی معیشت کو درکار لازمی تقویت بھی مل جائے گی۔"

**نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا،** "Micron کی اس تاریخی سرمایہ کاری نے سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں نیویارک کو ایک عالمی رہنما کی حیثیت دلوا دی ہے۔ صاف، قابل تجدید پن بجلی سے فائدہ اٹھا کر، پاور اتھارٹی مستقبل کی صنعتوں کو ہماری ریاست کی طرف راغب کر رہی ہے، جس سے انقلابی تبدیلیاں لانے والی معاشی ترقی کو فروغ مل رہا ہے اور یہ نیویارک کی آنے والی نسلوں کے لئے دیرپا اثرات کی حامل ثابت ہوگی۔"

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "NYPA کے منظور کردہ یہ ایوارڈز ریاست نیویارک میں معاشی ترقی کو فروغ دیں گے، جس سے روزگار کے مزید مواقع پیدا ہوں گے اور سرمایہ کاری کو تقویت ملے گی۔ Micron اور دیگر تبدیلی لانے والے منصوبوں کی حمایت کرکے، ہم نیو یارک کے تمام باشندوں کے لئے ترقی اور مواقع کو دوبارہ متحرک کر رہے ہیں۔"

NYPA کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے آج پاور اتھارٹی کے صنعتی اقتصادی ترقی کے پروگرام کے تحت نیو یارک کے جنوبی ٹیئر ریجن میں چنانگو کاؤنٹی کے گرین گاؤں کے لئے 250 کلو واٹ کی کم لاگت والی پن بجلی مختص کرنے کی بھی منظوری دی۔

Cocojune، نیویارک میں قائم ایک فوڈ کمپنی جو پودوں پر مبنی اجزاء کا استعمال کرتے ہوئے ناریل کی نامیاتی دہی تیار کرنے میں مہارت رکھتی ہے, وہ گرین گاؤں میں ایک نئی سہولت تعمیر کرے گی اور اسے دہی بھرنے والی مشینری اور پیکیجنگ آلات سے لیس کرے گی۔ آج کے بورڈ اجلاس میں منظور کردہ ہائیڈرو پاور الاٹمنٹ Cocojune کی توسیع میں مدد کرے گی ، جس سے تقریباً $700,000 کی سرمایہ کاری ہوگی اور خطے میں 24 ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

صنعتی اقتصادی ترقیاتی پروگرام نیویارک کی ریاست کے قرب و جوار میں 51 بلدیاتی اور دیہی الیکٹرک کوآپریٹو سسٹمز کے لیے مختص 768 MW سے زیادہ ہائیڈرو پاور میں سے 54 MW پر مشتمل ہے۔ اس پروگرام کے تحت بجلی انفرادی بلدیاتی نظاموں کو مختص کی جاتی ہے تاکہ ان کے سروس ایریا میں اہل نئے یا توسیع پاتے کاروباروں کے نتیجے میں بڑھتے ہوئے بجلی کے بوجھ کو پورا کیا جا سکے۔

**نیویارک کی ترقی کرتی ہوئی سیمی کنڈکٹر کی صنعت**

گورنر Hochul نے GO SEMI کے لیے $45 ملین کا اعلان بھی کیا ہے، جس کا اعلان سن 2023 کے سالانہ ریاستی خطاب کے جزو کے طور پر کیا گیا تھا، Micron کے اس تاریخی اعلان کے بعد کہ وہ کلے (Clay) میں دنیا کی سب سے بڑی میموری مینوفیکچرنگ سہولت گاہ کی تعمیر کے لیے $100 بلین کی سرمایہ کاری کریں گے، جو اونونڈاگا کاؤنٹی، نیویارک میں واقع ہے۔ اس سرمایہ کاری سے وسطی نیو یارک کے علاقے میں 50,000 ملازمتیں آنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے اور یہ وفاقی CHIPS اینڈ سائنس ایکٹ اور نیو یارک کی Green CHIPS قانون سازی سے ممکن ہوا ہے، جس پر گورنر نے سنہ 2022 میں دستخط کیے تھے۔ نئے دفتر کی قیادت ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کرے گی اور اس کا عملہ ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ، ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحقیق و تیاریٔ توانائی، محکمۂ محنت، محکمۂ ٹرانسپورٹیشن، محکمہ تحفظ ماحولیات، NY CREATES، نیویارک پاور اتھارٹی، آفس آف ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور سٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے ماہرین پر مشتمل گا۔ GO SEMI اس Micron پروجیکٹ کو نافذ کرنے کی کوششوں کی قیادت کرکے انہیں مرکزی حیثیت دے گا؛ سیمی کنڈکٹر انڈسٹری اور اس کی سپلائی چین کو اپنی جانب راغب کرنے کے لئے پالیسیاں تیار کرکے انہیں آگے بڑھائے گا؛ مقامی، ریاستی، وفاقی اور نجی شراکت داروں کے درمیان افرادی قوت کی ترقی اور کمیونٹی سرمایہ کاری کو مربوط کرے گا؛ انتہائی ہنر مند افرادی قوت پیدا کرنے، انہیں راغب کرنے، اور انہیں برقرار رکھنے کی کوششوں کی قیادت کرے گا؛ اور سمارٹ ترقی کے اصولوں پر توجہ مرکوز کرنے والی ہم آہنگ ترقی کی حمایت و معاونت کرے گا۔

**ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ**

ریاست نیویارک کا قومی سطح کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کے لیے پائیداری والی ملازمتیں پیدا کرتا ہے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد کا، کم از کم 35 فیصد حصہ، پسماندہ کمیونٹیز کو دیا جائے۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں $35 بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے $1.8 بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں $1.8 بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

**NYPA کے متعلق**

NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 16 پیداواری تنصیبات اور 1,400 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA ٹیکس کی رقم یا ریاستی کریڈٹ استعمال نہیں کرتا ہے۔ یہ بانڈز کی فروخت اور بجلی کی فروخت کے ذریعے بڑے حصے میں حاصل ہونے والی آمدنی کے ذریعے اپنے کاموں کو مالی اعانت فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے www.nypa.gov پر ملاحظہ کریں اور ہمیں ٹوئٹر، فیس بک، انسٹاگرام، ٹمبلر اور لنکڈاِن پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں